TEXT OF URDU EVENING BULLLETIN 25 -06-2017

سرخیاں

Headlines

*.......پانتھ چوک اتھواجن میں حفاظتی عملے اور ملی ٹینٹوں کے درمیان جھڑپ ختم//2ملی ٹینٹ ازجان۔

*.......گلمرگ میں کیبل کارحادثے میں ایک ہی کنبے کے 4افراد سمیت 7لوگوں کی موت//وزیراعلیٰ نے کیا افسوس کا اظہار۔

*.......اشیاءاور خدمات سرکار کو فروخت کرنے کے لئے E-Market Place استعمال کرنے پر من کی بات پروگرام میں وزیراعظم کا زور۔

*.......عیدالفطر کی تیاری کے سلسلے میں آج دن بھر رہی بازاروں میں خاصی چھل پہل۔

اور

*.......پاکستان کے بہاولپور مینایک تیل ٹینکر کو پیش آئے حادثے میں 141 افراد جاں بحق۔

سرینگر کے مضافات پانتھہ چوک اتھواجن میں حفاظتی عملے اور ملی ٹنٹوں کے درمیان جھڑپ دو جنگجووں کے مارے جانے کے ساتھ ختم ہوگئی ہے۔ اس تصادم میں دو فوجی جوان بھی زخمی ہو گئے ۔جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جا چکی ہے کہ گذشتہ شام ملی ٹنٹوں نے پانتھہ چوک میں سرینگر جموں قومی شاہراہ پر ایک سی آر پی ایف گاڑی کو نشانہ بنایا تھا جس میں سی آر پی ایف کا ایک سب انسپکٹر جان بحق اور ایک اور اہلکار زخمی ہو گیا تھا۔حملے کے بعد ملی ٹنٹوں نے اتھواجن میں دلی پبلک اسکول کی عمارت میں پناہ لی اور رات کے دوران ہی حفاظتی عملے اور ملی ٹنٹوں کے درمیان جھڑپ شروع ہوئی تھی۔دریں اثناءحملے کی ذمہ داری لشکر طیبہ نے قبول کی ہے۔

اسی دوران ملی ٹنٹ حملے میں کل جان بحق ہوئے سب انسپکٹر کو آج سرینگر میں خراج عقیدت ادا کیا گیا۔ ان کے جسد خاکی پر گل دائرے رکھے گئے جس کے بعد اسے اپنے آبائی علاقے گورکھپور بھیج دیا گیا۔

سیاحتی مقام گلمرگ میں آج بعد دوپہر کیبل کار کو پیش آئے ایک دلدوز حادثے میں 7افراد جاں بحق ہوگئےتفصیلات کے مطابق یہ واردات اس وقت پیش آئی جب ایک پیڑکیبل کار کے ایک کیبن پر گرآیا جس کے نتیجے میں موقعے پر ہی 5لوگ ازجان اور کئی دیگر زخمی ہوگئے۔ پولیس ذرائع نے ہمارے بارہمولہ نمائندے کو بتایا کہ بعدمیں زخمیوں میں سے 2مزید افراد زخمونکی تاب نہ لا کر چل بسے۔ معلوم ہوا ہے کہ جاں بحق لوگونمیں سے دلی کے ایک ہی کنبے کے چار لوگ شامل ہیں ، جن میں ماں، باپ اور ان کی دو جواں سال بیٹیاں شامل ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ سرکار کو اپنی اشیاءاور خدمات فروخت کرنے کیلئے سرکار کی e-marketplace اور E-GEM Portal کا استعمال کریں۔

آکاشوانی پر آج ملک اور بیرون ملک کے ہم وطنوں سے من کی بات پروگرام کے ذریعے وزیر اعظم نے کہا کہ E-GEM Portal چھوٹی سرکار اور بڑی حکمرانی کی ایک شاندار مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کا مقصد کم سے کم قیمت اور زیادہ سے زیادہ سہولیت آسانی اور شفافیت ہے۔

حال ہی میں منائے گئے یوگا کے بین الاقوامی دن کے بارے میں وزیر اعظم نے کہا کہ یوگا اب پوری دنیا میں پہنچ گیا ہے اور یہ دنیا کو جوڑنے کا وسیلہ بن گیا ہے۔خلائی سائنس میں تاریخی کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے نریندر مودی نے کہا کہ بھارتی پرچم نہ صرف کرہ ارض پر بلکہ خلاءمیں بھی اونچائی پر لہرا رہا ہے اور دو دن پہلے ہی اسرو نے Cartosat-2 سیریز کے ساتھ 30چھوٹے سیٹلائٹ خلاءمیں پہنچائے ۔ انہوں نے کہا کہ ان کی بدولت زراعت کے شعبے اور قدرتی آفات سے نمٹنے میں کافی مدد ملے گی۔

وزیر اعظم نے بھگوان جگن ناتھ کی رتھ یاترا اور عید الفطر کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کی طاقت اس کی گونا گونیت میں ہے۔

گورنر این این ووہراہ نے عید الفطر کے موقعے پر عوام کو مبرکباد ی کے اپنے پیغام میں انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ دن ریاست میں قیام امن کی ایک نوید لے کر آئے گا۔وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے بھی عید الفطر کے موقعے پر ریاستی عوام کو مبارکباد دی ہے ۔ اپنے پیغام میںانہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ایک مہینے کی روزہ داری کے بعد االلہ کی طرف

سے مسرت اور شادمانی کا یہ دن ریاست میں دائمی امن اور ریاستی لوگوں کی ترقی اور خوشحالی کا باعث بنے۔انہوں نے لوگوں سے اپیل ں اور کمزور لوگوں کو ۂ_کی کہ وہ عید کے موقعے پر یتیموں،بیواو فراموش نہ کریں۔ریاست کے وزارتی کونسل میں شامل تقریباً سبھی وزراءکے علاوہ وزرائے مملکت اور ارکان قانون سازیہ نے بھی لوگوں کو عید کی مبارکباد دی ہے ۔

جن دیگر لوگوں نے عوام کو عید کی مبارکباد پیش کی ہے ان میں نائب وزیر اعلیٰ ڈاکٹر نرمل سنگھ، وزیراعلیٰ کے صلاحکار پروفیسر امیتاب متو ، نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، کارگذار صدر عمر عبداللہ، پردیش کانگرس صدر غلام احمد میر،سی پی آئی ایم کے محمدیوسف تاریگامی ،پی ڈی ایف کے حکیم محمد یاسین ،آئی جی پی کشمیر منیر احمد خان،مسلم وقف بورڈکے وائس چیرمین پیرمحمدحسین ، جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولانا مولوی ریاض احمد ہمدانی اورگجر لیڈر شمشیر حقلہ پونچھی شامل ہیں۔

پاکستان میں بہاولپور کے احمد پور شرقیہ علاقے میں آج صبح ایک تیل ٹینکر کو پیش آئے حادثے میں 141افراد کے مارے جانے کی خبر ہے۔ حادثے میں مزید 40لوگ بُری طرح سے جُھلس گئے جنہیں نازک حالت میں اسپتال لے جایا گیا ہے۔امدادی اہلکاروں کے مطابق مرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو سکتا ہے۔تفصیلات کے مطابق ایک تیل ٹینکر کے لڑھک جانے کے بعد اس میں تیل کا رساو شروع ہوا اور علاقے کے لوگ وہاں ایندھن اکٹھا کرنے کیلئے جمع ہو گئے تھے۔ امدادی کارکنوں نے بتایا کہ قومی شاہراہ کے نزدیک پُل پکا کے مقام پر درجنوں موٹر گاڑیاں آگ کی لپیٹ میں آگئیں۔ذرائع کے مطابق مرنے والوں کی شناخت ان کا ڈی این اے نمونہ حاصل کئے بنا نہیں کی جا سکتی۔

پاکستانی فوج نے فائر بندی معاہدے کی پھر خلاف ورزی کرتے ہوئے آج صبح راجوری ضلعے کے نوشہرہ سیکٹر میں کنٹرول لائن کے نزدیک موٹار سے گولے داغے اور فائرنگ کی ۔ پاکستانی فوجیوں نے بھارت کی اگلی دفاعی چوکیوں اور شہری علاقوں کو نشانہ بنایا جس کا بھارتی جوانوں نے بھی معقول جواب دیا۔

محکمہ دفاع کے ذرائع کے مطابق پاکستانی فوج نے صبح ساڈھے 6بجے کے آس پاس نوشہرہ سیکٹر میں بلا جواز گولی باری شروع کر دی جس میں انہوں نے چھوٹے ،درمیانہ اور خودکار ہتھیاروں کا استعمال کیا۔ حالانکہ اس واقعے میں بھارت کو کسی طرح کا نقصان پہنچنے کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

ریاستی وزیر چودھری ذولفقار علی نے آج شوپیان جاکر حال ہی میں مارے گئے کانسٹیبل سبزار احمد چک کے گھر والوں کی ڈھارس بندھائی۔ ان کے ہمراہ ایم ایل اے شوپیان محمد یوسف بٹ بھی تھے واضح رہے کہ سبزار احمد حال ہی میں اچھہ بل میں ایک ملی ٹنٹ حملے میں دیگر پانچ اہلکاروں کے ساتھ جان بحق ہو گئے تھے۔وزیر نے متاثرہ کنبے کو سرکار کی طرف سے ہر ممکنہ مدد کا یقین دلاتے ہوئے وزیر اعلیٰ کے سپیشل فنڈ سے ایک لاکھ روپے کا چیک موقعے پر ہی پیش کیا۔ انہوں نے متعلقین کو ہدایت دی کہ وہ جان بحق اہلکار کے کسی قریبی وارث کونوکری دینے کیلئے ضوابط کو جلد سے جلد پورا کریں۔ اس موقعے پر وزیر نے کہا کہ ریاست میں پولیس کو جنگی صورتحال کا سامنا ہے اور سرکار اس جنگ کو جیتنے میں پولیس کی ہر ممکن مدد کرے گی۔

سندھو سنسکرتی کیندر لہہ میں لگو اُدھیوگھ بھارتی کا ایک سمینار منعقد ہوا جس میں خزانے کے مرکزی وزیر مملکت ارجن رام میگوال مہمانِ خصوصی تھے۔اس کے علاوہ لداخ امور کے ریاستی وزیر ژھرنگ دورجے ،ہِل ڈیولپمنٹ کونسل لہہ کے چیف ایگزیکیوٹیو کونسلر ڈاکٹر سونم داوا اورانتظامیہ کے دیگر عہدیدار وں کے علاوہ لگو اُدھیوگ بھارتی سے وابستہ تقریباً دس ریاستوں کے نمائندے بھی موجود تھے۔مرکزی وزیر مملکت نے اس موقعے پر موجود صنعتی ممبرونسے کہا کہ وہ سرحدی گاؤں دمجوک اور اس کے گردونواح میں 2مزید دیہات کو گود لے کر ان علاقوں میں رہنے والے لوگوں اور خانہ بدوشوں کا معیار زندگی بہتر کرنے کے لئے پشمینہ سیکٹرمیں انہیں مدد فراہم کریں۔

ایم ایل اے کولگام محمدیوسف تاریگامی نے سرکار کی یہ کہتے ہوئے نقطہ چینی کی ہے کہ اس نے سماج کے کمزور طبقوں سے وابستہ لوگونکی راحت رسانی کے لئے مختلف سوشل سیکورٹی اسکیموں کے تحت غیر سنجیدہ رویہ روا رکھا ہے۔ ایک پریس بیان میں انہوننے کہاہے کہ عمر رسیدہ اشخاص ، بیوائیں ، جسمانی طور سے ناخیز اور تعمیراتی کاموں سے جڑے مزور انتہائی ضرورتمند ہیں تاہم ایسے ہزاروں مستحقین، مہینوں سے سرکار ی معاونت سے محروم ہیں۔

اسمبلی کے اسپیکر کویندر گپتا نے آج ایم ایل اے ہوسٹل جموں کا دورہ کرکے وہاں رہ رہے ارکان کے ، باورچی خانے، رہائشی کوارٹرزاور Mess لئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا ۔ انہوننے ہوسٹل کے ڈسپنسری کا معائنہ کیا۔ ان کے ہمراہ اسمبلی کے سیکریٹری ایم آر سنگھ بھی تھے۔

ماہ رمضان کے متبرک مہینے کے بعد اب عیدالفطر کی آمدآمد ہے اور اب سے کچھ ہی دیر بعد رویت ہلال کمیٹی کی طرف سے عید کی چاند کے بارے میں اعلان متوقع ہے۔

اس دوران آج دن بھر لوگ عیدالفطر کی تیاریوں مینمصروف رہے اور وادی کے تمام بڑے قصبوں خاص طور سے شہر سرینگر کے بازارونمیں خاصی گہما گہمی رہی۔ جہاں لوگ دن بھر گوشت ، مرغ

فروشوں اور بیکری کی دکانوں کے سامنے لمبی لمبی قطاروںمیں نظر آئے وہیں والدین بچوں کے لئے ملبوسات اور کھلونوں کے دکانوں پر بھی خریداری کرتے ہوئے دیکھے گئے۔مختلف بینکوں کے

کے باہر بھی زبردست بھیڑ دکھائی دی۔سرینگر اور دیگر کئی مقامات ATMs پر کچھ دیر کے لئے ٹریفک جام کے مناظر بھی دیکھے گئے۔حالانکہ کئی علاقوں میںناسازگار صورتحال کی وجہ سے بازاروںمیں زیادہ چھل پہل نہیں تھی ۔ اتھواجن پانتھ چوک میں آج سیکورٹی فورسز اور ملی ٹینٹوں کے مابین جھڑپ کی وجہ سے بازار بند رہے جبکہ کاکہ پورہ علاقے میں بھی آج بازار نہیں کھلے۔

وزیراعلیٰ محبوبہ مفتی نے گلمرگ میں پیش آئے حادثے پر دکھ اور افسوس کااظہا رکیا ہے۔ انہوننے محکمہ سیاحت اور پولیس ودیگر متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ جاں بحق افراد کے لواحقین کوان کی میتیں ان کے گھروں تک پہنچانے میں ہرممکن مدد کریں۔

عیدگاہ سرینگرمیں نماز عید صبح 10بجے جبکہ آثار شریف درگاہ حضرت بل میں عید کی نماز صبح ساڑھے 10بجے اد ا کی جائے گی۔ زیارت حضرت میر سید یعقوب صاحب سونہ وار اور زیارت حضرت علی عالی بلخی صاحب پکھرپورہ میں نماز عید صبح 10بجے ادا کی جائےگی۔ زیارت حضرت پیر دستگیر صاحب میں صبح ساڑھے 10بجے اور خانقاہ معلی حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی صاحب میں دن میں 11بجے عید کی نماز ادا کی جائے گی۔ اہم شریف بانڈی پورہ ،آثارشریف مکہ ہامہ بیروہ ، مرکزی جامعہ مسجد سوئیہ بگ بڈگام ،آثار شریف کابہ مرگ ، آثار شریف شہری کلاشپورہ ،عید گاہ جدید پلوامہ، مرکزی عید گاہ کولگام میں نماز عید صبح 9بجے ادا کی جائے گی۔جامع مسجد خور پٹن میں صبح 8بجے جبکہ عید گاہ پٹن میں صبح 9بجکر 15منٹ پر ، مرکزی عید گاہ ددرہامہ گاندربل میں صبح ساڑھے 9بجے ، مرکزی جامع مسجد کپوارہ میں صبح 8بج کر 45منٹ پر نماز ادا کی جائے گی۔

مرکزی امام باڑہ بڈگام میں صبح 11بجے ، تاریخی امام باڑہ حسن آباد سرینگرمیں صبح ساڑھے 10بجے جبکہ جڈی بل سرینگرمیں عید کی نماز صبح ساڑھے 9بجے ادا کی جائے گی۔

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق ریاست میناگلے چوبیس گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت اعشاریہ31عشاریہ 4ڈگری سیلشیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19اعشاریہ6ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت28ڈگری سیلشیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26اعشاریہ 9ڈگری سیلشیس درج کیا گیا۔

ادھر لہہ میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29اعشاریہ 6ڈگری سیلشیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منف10اعشاریہ 9ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

ادھر کرگل میں آج دن کا زیاد ہ سے زیادہ درجہ حرارت 29اعشاریہ 4ڈگری سیلشیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت8ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔